جدید مرتبہ

قواعدِ دفینہ

ممالک محروسہ سرکارِ عالی

منظورہ سرکار

مندرجہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مورخہ ۲۵ آبان سنہ ۱۳۲۳ ف

نمبر ۶۳ جزو اول صفحہ ۶۵۳ -

حسب فرمایش

عاجز خادم اسلام محمد برہان الدین تاجر کتب پتھر گٹی حیدرآباد

بابتہ سنہ ۱۳۳۱ فصلی

مطبوعہ مطبع نظام دکن پریس حیدرآباد

تنسیخ

ف۲ تاریخ نفاذ قواعد ہذا سے جملہ احکام و ظوابط متعلق دفینہ جو ان قواعد کے خلاف ہوں۔ منسوخ متصور ہوں گے۔ ۔

تعریفات

ف۳ بلدہ و حوالی بلدہ کے لئے برائے نفاذ اختیارات قانون **دفینہ** تعلقدار سے (اول مددگار معتمد مال) اور صوبہ دار سے (معتمد یا شریک معتمد مال) مراد ہوں گے۔ ۔

حوالی بلدہ سے وہ رقبہ مراد ہوگا جو صفائی یا کوتوالی اندرون و بیرون بلدہ کے حدود میں داخل ہو۔ ۔

قبضہ دفینہ

ف۴ اگر یابندہ **دفینہ** بموجب قانون دفینہ سرکاری خزانہ میں دفینہ داخل نہ کرے یا ضمانت سے انکار یا غفلت کرے تو تعلقدار مجاز ہوگا کہ دفینہ پر قبضہ کرے اور تعلقدار مذکور دفینہ کو ناظم فوجداری کے پاس حسب دفعہ (۲۰) کارروائی کی غرض سے مع استغاثہ روانہ کردے۔ ۔

منتقلی دفینہ

ف۵ جب یابندہ دفینہ قریب ترین خزانہ سرکاری میں دفینہ داخل کردے تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ حسب ضوابط خود دفینہ کو کسی دوسرے خزانہ سرکاری میں منتقل کرے۔

اشتہار بغرض حضوری دعویداران

ف۶ بمتابعت دفعہ (۵) **قانون** دفینہ تعلقدار پر لازم ہوگا کہ بہ تعین تاریخ اشتہار بزبان اردو مرتب کرکے بغرض طبع جریدہ اعلامیہ سرکار عالی دار الطبع میں روانہ کرے اور اس اشتہار کو زبان ملکی اس

موضع یا قصبہ کی چاوڑی یا منظر عام پر چسپان کرائے جس مین دفینہ دستیاب ہوا ہو۔ اور نیز بذریعہ ڈہنڈورہ اسکی تشہیر کرائے :۔

جس تاریخ اشتہار جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مین شایع ہو وہی تاریخ اغراض دفعہ (۵) قانون دفینہ کے لیئے تاریخ اشتہار متصور ہوگی :۔

سررشتہ تحفظ آثار قدیمہ سے مشورہ

ک۔ بہ اتباع دفعہ (۹) قانون دفینہ جب تعلقدار تجویز کردے کہ دفینہ کے متعلق اسطرح عمل کیا جاسکتا ہے کہ گویا اس کا کوئی مالک نہین ہے۔ اور بموجب منشاء دفعات (۱۰ تا ۱۵) دفینہ تقسیم یا یابندہ کو تفویض کرنے کی تجویز کرے تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ حسب ضوابط بذات خود اس تقسیم یا حوالگی کے قبل مہتمم صاحب سررشتہ تحفظ آثار قدیمہ سے بذریعہ فہرست تفصیلی دریافت کرے کہ آیا یہ دفینہ یا اس کا کوئی جزو باغراض سرکاری ان کو مطلوب ہے یا نہین :۔

اور جب مہتمم سررشتہ تحفظ آثار قدیمہ کو دفینہ یا اس کے کسی حصہ کی ضرورت ہو تو بموجب دفعہ (۱۶) قانون دفینہ اس کے حصول کی کارروائی عمل مین لائی جائے گی :۔

منتقلی مقدمہ

ل۔ ضمن (الف) صوبہ دار کو اختیار ہوگا کہ فریق مقدمہ کی درخواست پر یا بطور خود بوجوہ معقول مقدمہ کو تعلقدار کی اجلاس سے اپنے پاس منتقل کرکے اس کی تحقیقات و تجویز خود کرے :۔

ضمن (ب) اس صورت مین صوبہ دار کی تجویز ابتدائی کا
مرافعہ اجلاس صدر المہامی مال پر ہو سکے گا۔

ضمن (ج) اگر صدر المہام مال کو معلوم ہو کر کسی مقدمہ کی
کارروائے خلاف قانون یا بے ضابطہ عمل مین آئی ہو تو وہ مجاز ہون گے
کہ اس مقدمہ کی مثل بغرض معائنہ تعلقدار یا صوبہ دار کے اجلاس
سے طلب کر کے حکم مناسب صادر کرین۔

ترمیم قواعد ہذا۔ **۹** سرکار کو اختیار حاصل ہوگا
کہ وقتاً فوقتاً ان قواعد مین حسب
مناسب ترمیم کرے۔ فقط **ختم شد**۔

محمد خلیل اللہ۔ مددگار معتمد مال۔

دیکھو جریدہ اعلامیہ سرکار مورخہ ۲۵ آبان ۱۳۲۵ف نمبر ۶۳
جلد (۴۸) روز دوشنبہ۔ فقط

ڈائجسٹ نظائر دیوانی عثمانیہ ہفت سالہ من ابتدائے ۱۳۲۶ف لغایتہ ۱۳۳۳ف
یہ امر مثل روز روشن کے عیان ہے کہ معززوکلا صاحبون کو بشیر اور معزز حکام عالیمقام
کو اکثر تلاش نظائر کی ضرورت داعی ہوتی ہے اور بہت بڑا وقت صرف ہوتا ہے اور ورق
گردانی کی تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اوسکی حفاظت صرف ڈائجسٹ ہی کر سکتی ہے اسی خیال سے
اس خاکسار نے بصرف زر کثیر ذاتی طبع کا انتظام کیا جو اس وقت تیار موجود ہے فقط
قیمت (للعہ) ملنے کا پتہ۔ محمد برہان الدین تاجر کتب بازار پتھر گٹی حیدر آباد دکن

جدید فہرست کتب قانونی مشروط الامتحان عہدہ داران مال سرکار عالی

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
جدید قانون مالگذاری اراضی.....	عـہ	جدید گشتیات احکام فینانس و محاسبی	عـہ/
جدید دستور العمل دستبند ذرایع آبپاشی	۶/	جدید قانون سکہ جات نشان (۴۴)	۲/
جدید گشتیات معتمدی مال.... زیر طبع...		جدید قانون مع قواعد رجسٹری....	۸/
جدید دستور العمل انعام.......	عصہ/	جدید قانون اسٹامپ......	عہ
جدید دستور العمل آبکاری......	۸/	جدید قانون میعاد سماعت...	لعہ/
جدید قانون حصول اراضی......	لعہ/	جدید قانون شہادت......	لعہ/
جدید قانون صحرا......	۸/	جدید قانون حلف........	۲/
جدید قانون وصول مطالبات سرکاری	۲/	جدید قانون معاہدہ........	۳/
جدید قانون آبکاری.......	۸/	جدید قانون رسوم عدالت....	۶/
جدید دستور العمل قانون کروڑگیری...	عالہ/	جدید قانون ولایت.........	۶/
جدید قانون محصولات مقامی......	لعہ/	جدید قانون تحقیقات بداعمالی عہدہ داران	۲/
جدید قانون کورٹ آف وارڈس	لعہ/	جدید قانون ترمیم حفاظت نظم نشان ۲	۱/
جدید قانون افیون........	۲/	جدید قانون دعاوی سرکار نشان (۵)	۲/
جدید قواعد شکار.........	لعہ/	جدید ضابطہ فوجداری.......	عہ
جدید قانون و قواعد بائیلرز......	لعہ/	جدید خلاصہ گشتیات کوتوالی تاختم سنہ [illegible]	عالہ/
جدید قانون تحفظ ریلوے نشان (۱)	لعہ/	جدید قانون اقوام جرائم پیشہ...	لعہ/
جدید قواعد بندوبست مرمہ سہ پیمائش وغیرہ	عـہ/	جدید قواعد کورٹ آف وارڈس...	لعہ/
جدید دستور العمل رخصت.......	لعہ/	جدید قواعد نگرانی اقوام جرائم پیشہ	۲/
جدید دستور العمل وظیفہ.......	لعہ/	جدید خلاصہ قواعد احکام تحویل ملزمین	عـہ/
جدید خلاصہ دہرم شاستر.....	عـہ/	بطور سوال و جواب........	

المشتہر محمد برہان الدین تاجر کتب بازار پتھرگٹی حیدرآباد دکن